سوال

سلام کے بعد بقیہ نماز پڑھنے والے کا رفع الیدین

جواب

امام کے سلام پھیرنے کے بعد بقیہ نماز پڑھنے والے کےلئے رفع الیدین کرنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ امام کے سلام پھیرنے کے بعد میں جب اپنی بقیہ نماز جو کہ ایک رکعت ہے کیلئے کھڑا ہوں تو رفع الیدین کروں یا نہیں ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اس میں آپ اپنی رکعات کی تعداد کو سامنے رکھیں، اگر تو آپ کی وہ آخری رکعت تیسری ہے جس کےلئے آپ کھڑے ہو رہے ہیں، جیسے نماز مغرب کی تیسری رکعت کےلئے آپ کھڑے ہوتے ہیں تو آپ رفع الیدین کریں، کیونکہ تیسری رکعت کےلئے رفع الیدین کرنا نبی کریم سے ثابت ہے ۔ اور اگر چوتھی ہے جیسے عصر کی چوتھی رکعت تو اس میں رفع الیدین نہیں کریں گے کیونکہ چوتھی رکعت کےلئے کھڑے ہوتے ہوتے وقت رفع الیدین کرنا ثابت نہیں ہے ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی